## اسلامیات

پہلی جماعت کے لیے

# تربیتی نِصَاب

(برائے اسکول)

بچوں کی تعلیم وتربیت کے لیے ایک مختصر اور آسان نصاب

ایمانیات

عبادات

احادیث و مسنون دعائیں

سیرت و اخلاق وآداب

جمع وترتیب

احبابِ مکتب تعلیم القرآن الکریم

ٹائٹل: مدینہ منوّرہ میں واقع مسجد نبوی شریف۔
یہ مسجد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ مل کر خود تعمیر فرمائی۔

# اسلامیات

پہلی جماعت کے لیے

(برائے اسکول)

"تربیتی نصاب" وفاقی وزارتِ تعلیم حکومت پاکستان کے متعین کردہ خطوط کو پیش نظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔

نام طالب علم/طالبہ : .................. ولدیت : ..................

اسکول کا نام .................. مُعلّم/مُعلّمہ کا نام ..................

جمع و ترتیب

احباب مکتب تعلیم القرآن الکریم

33010214

| | |
|---|---|
| کتاب کا نام: | تربیتی نصاب (برائے اسکول) |
| تاریخ اشاعت: | فروری 2014 |
| کمپوزنگ: | انعام اللہ اور محمد سراج |
| ڈیزائننگ: | سید ناصر اور عبید اشفاق |
| ناشر: | مکتب تعلیم القرآن الکریم |

## ملنے کے پتے

① مکتب تعلیم القرآن الکریم

ST-9E بلاک نمبر 8، گلشن اقبال، عقب مسجد بیت المکرم کراچی

فون: 92-21-34976073+ فیکس: 92-21-34976339+

ای میل: maktab2006@hotmail.com

② مکتبہ بیت العلم اردو بازار کراچی۔ فون: 021-32726509

کراچی (موبائل نمبر): 0300-2298536, 0323-2163507, 0334-3630795

لاہور (موبائل نمبر): 0321-4066762

## اظہارِ تشکر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحٰتُ۔

دین اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف اور صرف اسلام ہے۔ دین اسلام کی خدمت محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی عطا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں جس نے دین کی خدمت کرنے کی توفیق نصیب فرمائی۔

دورِ حاضر میں بچپن سے بچوں کی دینی تعلیم وتربیت اور اس کی فکر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور اس کی دی ہوئی توفیق سے "احباب مکتب تعلیم القرآن الکریم" نے اسلامیات کا نصاب "تربیتی نصاب" کے نام سے مرتب کیا جو مستند ہونے کے ساتھ ساتھ اسکول کی ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے،

١. وفاقی وزارتِ تعلیم، حکومت پاکستان کے متعین کردہ خطوط..........
٢. رنگین تصاویر..........
٣. دل چسپ مشقوں..........
٤. مثبت انداز میں اختلافی مسائل سے صرفِ نظر کرتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔
٥. نیز بچوں کی نفسیات کے عین مطابق ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! ماہرینِ تعلیم سے اصلاح کرانے کے بعد "حصہ اول" پیشِ خدمت ہے۔

میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں اسے شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔

از

(مفتی) محمد حنیف عبد المجید

سرپرست اعلیٰ مکتب تعلیم القرآن الکریم

## کتاب کا مکمل خاکہ

| | | |
|---|---|---|
| ایمانیات | عقائد | کلمۂ طیبہ، کلمۂ شہادت، اللہ تعالیٰ، اسمائے حسنیٰ ''اَلرَّحْمٰنُ'' سے ''اَلْقَهَّارُ'' تک، فرشتے، آسمانی کتابیں اور انبیا عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ۔ |
| عبادات | طہارت<br>مکمل نماز | وضو کرنے کا طریقہ اور مکمل نماز (تکبیر تحریمہ، ثنا، تَعَوُّذ، تَسْمِيَة، سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ، سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ، رکوع کی تسبیح، رکوع سے اٹھنے کی تسمیع، تحمید، سجدہ کی تسبیح، تشہد، درود شریف، دعا اور سلام)۔ |
| احادیث | پانچ احادیث<br>ترجمہ کے ساتھ | ① آسان دین ② جنّت کی چابی ③ ماں کی عظمت ④ سلام کی اہمیت ⑤ سچ۔ |
| مسنون اذکار<br>اور دعائیں | چھ اذکار اور<br>پانچ دعائیں | خاص موقعوں پر کہے جانے والے اذکار، علم میں اضافے کی دعا، کھانے سے پہلے کی دعا، شروع میں دعا بھول جائیں تو یہ دعا پڑھیں، کھانے کے بعد کی دعا اور دودھ پینے کے بعد کی دعا۔ |
| سیرت | سیرت | ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم، ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وطن، ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پرورش اور چند عادات مبارکہ۔ |
| اخلاق و آداب | اخلاق و آداب | سلام، پینے کے آداب، کھانے کے آداب، والدین کا ادب اور بڑوں کی عزت۔ |

# فہرست مضامین

# مقدّمہ

جس طرح کسی چمن کی آب یاری میں چمن کا مالی نازک نازک کونپلوں اور کلیوں کی نگہداشت پر زیادہ توجہ دیتا ہے، اسی طرح سمجھ دار قومیں اپنی نئی نسل کی تربیت پر خصوصی توجہ دیتی ہیں۔ اگر ان نرم و نازک کونپلوں کو بچپن ہی سے ایمان و عمل، سیرت و کردار اور اخلاق و گفتار کے صحیح رخ پر ڈال دیا جائے تو بڑے ہو کر اِنْ شَآءَ اللّٰہُ یہ ایسے تن آور درخت بن جائیں گے جن پر ایمان سوز ہواؤں کے جھکڑ اور ماحول کی اخلاقی آلودگی اثر انداز نہیں ہو سکے گی۔

بچوں کو مکمل اسلامی مزاج پر ڈھالنے کے لیے ضرورت اس بات کی تھی کہ ایک ایسا نصاب ترتیب دیا جائے جس کے ذریعے ان کی ایسی تعلیم و تربیت ہو کہ وہ کسی بھی شعبے میں جا کر مثالی کردار ادا کر سکیں۔

اسلامیات کا یہ نصاب اِنْ شَآءَ اللّٰہُ ان احباب کے لیے اطمینان کا باعث ہوگا جو اپنے بچوں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت کو بھی اہمیت دیتے ہیں اور وہ بچوں کو عملاً ایک اچھا مسلمان اور ایک اچھا انسان بنانا چاہتے ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! اس مقصد کے حصول کے لیے پہلی جماعت سے لے کر آٹھویں جماعت تک کے لیے ''تربیتی نصاب'' برائے اسکول مرتب کیا گیا ہے۔

اسکولوں کے اساتذہ اور معلمات نصاب میں دیے گئے نظام کے تحت روزانہ بچے/بچیوں کی دینی و اخلاقی تربیت اور مسائل کی تعلیم کے لیے محنت فرمائیں اور ہر فرض نماز کے بعد دعا مانگیں تو اللہ تعالیٰ کی ذات سے امید ہے کہ اس سے بچے/بچیوں میں درج ذیل صفات پیدا ہوں گی۔

1. دین کے ضروری مسائل اور بنیادی عقائد کا علم۔
2. اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی محبت و اتباع۔
3. دین پر چلنے کا شوق۔
4. خشوع و خضوع کے ساتھ نماز پڑھنے کا اہتمام۔

5. ہر ہر موقع کی مسنون دعا مانگنے کا اہتمام۔
6. دین پھیلانے کا جذبہ۔
7. والدین اور اساتذہ کرام کا ادب۔
8. بڑوں کی عزت اور چھوٹوں پر شفقت۔
9. رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے حقوق کی ادائیگی۔
10. چوبیس گھنٹے کی زندگی کے آداب پر عمل۔

جب ان بچے/بچیوں کی اسکول میں صحیح تعلیم وتربیت ہوگی تو اِنْ شَآءَ اللّٰهُ یہ بڑے ہوکر دین پر عمل کریں گے، دینی معاون بنیں گے، معاشرے میں اچھے انسان بنیں گے اور ہم سب کے لیے صدقہ جاریہ بنیں گے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰه! یہ نصاب اس اعتبار سے بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے کہ اس کی تیاری علمائے کرام کی زیر نگرانی ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ کراچی کے بعض اسکولوں کے اساتذہ اور پرنسپل صاحبان نے بھی اس کی تیاری میں حصہ لیا ہے۔

## عاجزانہ درخواست:

تمام اسکولوں کے پرنسپل صاحبان اور اساتذہ کرام/معلمات سے گزارش ہے کہ اس نصاب کو اپنے اپنے اسکولوں میں رائج فرمائیں۔ اور "مکتب تعلیم القرآن الکریم" کے اساتذہ اور معاونین کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیے۔ اس سے ان شاء اللہ آپ کو بھی فائدہ ہوگا۔ حدیث شریف میں ہے:

"مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَدْعُوْ لِأَخِيْهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ، إِلَّا قَالَ الْمَلَكُ: وَلَكَ بِمِثْلٍ۔"[1]

ترجمہ: "جو کوئی مسلمان اپنے بھائی کے لیے اس کی عدم موجودگی میں (غائبانہ) دعا کرے تو ایک فرشتہ کہتا ہے: "تیرے لیے بھی ایسا ہی ہو۔"

احباب مکتب تعلیم القرآن الکریم

---

(1) صحیح مسلم، الذکر ..... باب فضل الدعاء للمسلمین بظهر الغیب، الرقم: ٦٩٢٧

## تربیتی نصاب کی خصوصیات

١. یہ کل آٹھ سالہ نصاب ہے جو اسکولوں میں طلبا و طالبات کی دینی و اخلاقی تربیت کو مدِ نظر رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔

٢. جس سال میں جو اسباق پڑھائے جائیں گے، ان کا خاکہ دیا گیا ہے۔

٣. ہر سبق کو پڑھانے کے لیے دنوں کو متعین کر دیا گیا ہے تاکہ اساتذہ/معلمات کو پڑھانے میں آسانی رہے۔

۴. ہر باب کے شروع میں اس کی مفہومی تعریف لکھی گئی ہے تاکہ طلبا و طالبات کے سامنے ہر باب کا اچھی طرح تعارف ہو جائے۔

۵. بحمد اللہ الفاظ، انداز اور مواد بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق ہے۔

۶. ہر باب کو مختلف رنگ دیا گیا ہے اور ہر باب کا رنگ دوسرے باب سے مختلف ہے تاکہ ایک باب کو پڑھنے کے بعد دوسرا باب پڑھنے کے لیے کتاب میں تلاش کرنے میں آسانی ہو۔

٧. کتاب کی تزئین و آرائش اس انداز کی ہے کہ مختلف جاذبِ نظر رنگ، غیر جان دار کی پُرکشش تصاویر اور دل چسپ (Pupil Activities) کے ذریعے بچوں کو تعلیم دی گئی ہے اور یہ (Pupil Activities) اس انداز سے دی گئی ہیں کہ سبق کی مشق کلاس میں ہر ممکن حد تک ہو جائے اور استاذ کا کام آسان ہو جائے۔

٨. سبق سے متعلق اہم اور اضافی معلومات کو ان مختلف عنوانات

کے تحت دیا گیا ہے تاکہ طلبا/طالبات کے ذہن میں یہ اہم معلومات نقش ہو جائیں۔

٩. عملی مشق کے ذریعہ اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ ہر بچہ/بچی اسکول میں روزانہ کوئی نہ کوئی عملی بات سیکھے جس سے اس کو دین سے محبت پیدا ہو اور والدین کو بھی ترغیب ملے۔

١٠. ہر اگلے سال میں گزشتہ سال میں یاد کرائے گئے اسمائے حسنیٰ، احادیث مبارکہ، مسنون اذکار اور مسنون دعاؤں کا Revision دیا گیا ہے تاکہ وہ یاد رہیں اور ان پر عمل کرنا آسان رہے۔

۱۱ نصاب کے آخر میں نماز کی ڈائری دی گئی ہے تاکہ طلبا وطالبات کی بچپن ہی سے نماز جیسی اہم عبادت کو ادا کرنے کی عادت بنے۔

۱۲ نصاب کے آخر میں (حصہ دوم سے) رمضان چارٹ بھی دیا گیا ہے تاکہ بچے/ بچیاں ابتدا سے رمضان المبارک میں روزوں اور اعمال کا اہتمام کرنے والے بنیں۔

۱۳ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! نصاب کے آخر میں حوالہ جات بھی دیے گئے ہیں تاکہ بات مستند اور معتبر ہو۔

## نصاب پڑھانے کا طریقہ

اس نصاب کی ترتیب اور نظام کو اچھی طرح سمجھنے کی ضرورت ہے، کیوں کہ یہ نصاب ایک نظام کے ساتھ مرتب کیا گیا ہے اور اس کا مکمل فائدہ اس نصاب کو مجوزہ نظام کے تحت پڑھانے ہی میں ہے۔

اس نصاب کو پڑھانے کے لیے روزانہ کم از کم 30 منٹ درکار ہیں۔

نصاب کی تکمیل کے لیے درج ذیل امور کی رعایت رکھی جائے تو اِنْ شَآءَ اللّٰہُ فائدے میں اضافہ کی امید ہے۔

۱ چوں کہ ایک کلاس میں تمام بچوں کی استعداد ایک جیسی نہیں ہوتی اور کلاس (Mixed ability groups) کا مجموعہ ہوتی ہے لہٰذا Above Average, Average اور Below Average بچوں کے ملے جلے (Groups) بنالیں۔

۲ ایمانیات، عبادات اور (Concepts) پڑھاتے ہوئے مندرجہ ذیل اہم اصولوں کو مدنظر رکھیں۔

(الف) آسان سے مشکل کی طرف (From Easy to difficult)

(ب) معلوم سے نامعلوم کی طرف (From known to unknown)

(ج) محسوس سے غیر محسوس کی طرف (From concrete to abstract)

اس طرح اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بچوں کو اسباق سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

۴ نصاب میں کچھ باتیں ایسی ہیں جن کو زبانی یاد کرانا ہے، ان کے لیے یہ نشان "📖" علامت کے طور پر رکھا گیا ہے اور چند باتیں ایسی ہیں جنہیں طلبا کو اچھی طرح سمجھانا ہے تاکہ ذہن نشین ہوجائیں، ان کے لیے یہ نشان "☆" علامت کے طور پر رکھا گیا ہے۔

۵ ہر طالب علم/ طالبہ کا سبق انفرادی طور پر اس طرح سنیں کہ جب ایک طالب علم/ طالبہ سبق سنائے تو باقی طلبا/ طالبات وہ سبق سن رہے ہوں۔ اس طرح سننے سے بھی بقیہ طلبا/ طالبات کو سبق یاد کرنے میں آسانی ہوجائے گی۔

۶ چوں کہ یہ نصاب خصوصی طور پر تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت اور عملی مشق کے لیے ترتیب دیا گیا ہے، لہٰذا اساتذہ/ معلمات سے مؤدبانہ گزارش ہے کہ دورانِ تدریس مختصراً طلبا/ طالبات سے کلاس میں:

☆ عملی مشق کرواتے رہیں۔

☆ طلبا و طالبات کو عمل کرنے کی ترغیب دیتے رہیں۔

☆ گزشتہ کل کی کارگزاری بھی سنتے رہیں کہ طلبا/ طالبات کا ان اعمال/ دعاؤں وغیرہ سے متعلق گھر پر کیا عمل رہا؟

۷ اساتذہ اور معلمات ہوم ورک اپنی صواب دید کے مطابق دیں۔

اسکولوں کی انتظامیہ، اساتذہ اور معلمات سے گزارش ہے کہ بچوں سے ظہر کی نماز اسکول میں ضرور پڑھوائیں۔ بقیہ نمازوں کے متعلق ان سے دریافت کرتے رہا کریں اور نماز کی ڈائری پُر کروائیں یہ عملی ہوم ورک ہے۔ اسی طرح رمضان المبارک کا جدول (Chart) رمضان المبارک میں روزانہ بھرنا بھی عملی ہوم ورک کا حصہ ہے۔

## مجوّزہ نظام الاوقات

۱ نصاب میں شامل چار ابواب کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک دن ایمانیات اور عبادات پڑھائیں اور دوسرے دن احادیث و مسنون دعائیں اور سیرت و اخلاق و آداب پڑھائیں۔

۲ ابواب پڑھانے کے لیے اوقات مقرر ہیں جن کی تفصیل یہ ہے:

| ایک دن پڑھایا جائے | |
|---|---|
| ابواب | اوقات |
| ایمانیات | 15 منٹ |
| عبادات | 15 منٹ |
| **دوسرے دن پڑھایا جائے** | |
| ابواب | اوقات |
| احادیث و مسنون دعائیں | 15 منٹ |
| سیرت و اخلاق و آداب | 15 منٹ |

نوٹ: بقیہ وقت میں محترم اساتذہ/معلمات!

۱ نماز کی ڈائری دیکھیں۔

۲ آج جو پڑھایا گیا ہے اس پر عمل کرنے کی ترغیبی بات کریں۔

۳ گزشتہ کل کی مختصر کارگزاری سنیں۔

ابواب پڑھانے کے لیے جو اوقات دیے گئے ہیں ان میں حسب ضرورت کمی و زیادتی کی گنجائش ہے۔

# تعلیمی دن

عام طور پر اسکولوں میں سال بھر کے 365 دنوں میں ماہانہ جائزہ، امتحانات کی تیاری، امتحانات، گرمی، سردی اور ہفتہ واری تعطیلات کو منہا کرنے کے بعد کم وبیش تقریباً ایک سو اسی دن پڑھائی ہوتی ہے۔ لہٰذا اس نصاب کو پڑھانے کے لیے بھی ایک سو اسّی (180) دن ہی درکار ہیں، جس میں ایک سو ساٹھ دن پڑھائی اور بیس دن دہرائی کے ہوں گے۔

❶ اس نصاب میں چار ابواب ہیں۔ ❷ ہر باب کے آٹھ اسباق ہیں۔ ❸ ہر سبق دس دن میں پڑھانا ہے۔

❹ ایک دن میں دو ابواب میں سے پڑھایا جائے گا، اس طرح ایک سو ساٹھ دن میں یہ نصاب مکمل ہو جائے گا جس کی صورت یہ ہے:

| ابواب | اسباق کی تعداد | تعلیمی دن |
|---|---|---|
| ایمانیات | 8 | 80 دن |
| عبادات | 8 | |
| احادیث ومسنون دعائیں | 8 | 80 دن |
| سیرت واخلاق وآداب | 8 | |
| کل اسباق | 32 | |
| کل تعلیمی دن | | 160 |
| دہرائی کے دن | | 20 |
| مجموعی دن | | 180 |

۵ اگر کسی باب کا سبق مقررہ دنوں سے پہلے ختم ہو جائے تو اس کا وقت دوسرے باب کے لیے استعمال فرمائیں تاکہ تمام ابواب میں سبق ایک ساتھ رہے اور کتاب وقت پر ایک ساتھ ختم ہو۔

۶ اس نصاب میں صرف ہر مہینے کی پڑھائی اور دہرائی کے دن متعین کیے گئے ہیں۔ بقیہ (FinalExam, Mid Term, Monthly Test) اور اسی طرح (Holidays) وغیرہ کے دن اسکول کی انتظامیہ اپنی پالیسی کے مطابق طے کریں۔

۷ جن اسکولوں میں ہفتہ واری چھٹی صرف اتوار یا جمعہ کو ہوتی ہے، وہ ان مختلف ابواب کو زیادہ وقت دے سکتے ہیں کیوں کہ انہیں ہر مہینے میں 3 سے 4 دن زیادہ ملیں گے لہٰذا ان کے لیے آسان ہے کہ وہ اچھی طرح ۱۔ دہرائی کرائیں۔ ۲۔ عملی مشق کرائیں۔

## دہرائی کی ترتیب

۱ دس دن (یعنی پانچ دن ایمانیات وعبادات اور پانچ دن احادیث ومسنون دعائیں اور سیرت واخلاق وآداب) پڑھانے کے بعد گیارہویں دن دہرائی کرائیں، اس حساب سے سال میں سولہ دن دہرائی ہوگی بقیہ دہرائی کے چار دنوں میں استاذ محترم وضو، نماز وغیرہ کی عملی مشق کرائیں۔

۲ استاذ محترم اجتماعی طور پر خود دہرائی کرائیں۔

۳ دہرائی کے دن چاروں ابواب کی دہرائی کرائیں۔

۴ دہرائی کے دن اوقات کی تقسیم استاذ محترم خود فرمالیں، جس مضمون میں کمزوری ہو اس کو زیادہ وقت دیں۔

# حمد باری تعالیٰ

حمد: نظم کے انداز میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنے کو ''حمد'' کہتے ہیں۔

امی ، ابو ، آپی ، بھائی دنیا ساری کس نے بنائی؟

اللہ نے ، ایک اللہ نے

پیڑ اور پودے کس نے اُگائے؟ کس نے باغیچے مہکائے؟

اللہ نے ، ایک اللہ نے

چاند اور سورج کس نے بنائے؟ کس نے بخشے دھوپ میں سائے؟

اللہ نے ، ایک اللہ نے

ٹھنڈی ہوائیں، ٹھنڈا پانی کِس نے پیدا کی آسانی؟

اللہ نے ، ایک اللہ نے

علم کی کِس نے دولت بخشی؟ کِس نے عقل کی نعمت بخشی؟

اللہ نے ، ایک اللہ نے

تائب کِس نے صحت بخشی؟ کِس نے حمد کی فرصت بخشی؟

اللہ نے ، ایک اللہ نے

تائب جون پوری

نعت: جن اشعار میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کی جاتی ہے اس کو ''نعت'' کہتے ہیں۔

ہے محمد ﷺ جن کا نام
ان کی عظمت کو ہے سلام

ان کا اونچا ہے مقام
ہیں وہ نبیوں کے اِمام

جو وہ کہیں ، وہ ہم کریں
وہ ہیں آقا ، ہم ہیں غلام

وہ خوش ہیں تو اللہ خوش
ہو چکا یہ اعلان عام

نعت تائب لکھ مگر
پیروی ان کی اصل ہے کام

تائب جون پوری

## باب اول: ایمانیات

📖 **ایمانیات:** ہر مسلمان کے لیے جن باتوں پر دل سے یقین رکھنا ضروری ہے ان کو ''ایمانیات'' کہتے ہیں۔

## سبق: ۱ کلمۂ طیبہ

📖 ''لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ''[۱]

📖 ترجمہ: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔''

📖 اس کلمے کو ''کلمۂ طیبہ'' کہتے ہیں۔

📖 ہمارا دین اسلام ہے اور ہم سب مسلمان ہیں۔

📖 کلمۂ طیبہ کو زبان سے کہنا اور دل سے اس کی تصدیق کرنا ہر مسلمان کے لیے بہت ضروری ہے۔

📖 کلمۂ طیبہ کا مطلب یہ ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی ہر بات مانیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے طریقوں پر عمل کریں۔

**عملی مشق** کلمۂ طیبہ کو کم از کم سو مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہیے اور دوسروں کو بھی یہ کلمہ سکھانا چاہیے۔

**سوال ۱:** خالی جگہیں پُر کریں۔

۱. ہمارا دین اسلام ہے اور ہم سب ____مسلمان____ ہیں۔

۲. ________ کو زبان سے کہنا اور دل سے اس کی تصدیق کرنا ہر مسلمان کے لیے بہت ضروری ہے۔

۳. دوسروں کو بھی یہ کلمہ ________ چاہیے۔

**سوال ۲:** کلمۂ طیبہ کو پنسل سے مکمل کیجیے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

**سوال ۳:** دائروں میں لکھے گئے حروف کو ان کے اوپر دیے گئے نمبروں کے مطابق صحیح ترتیب سے لکھ کر الفاظ بنائیں:

۱ — ( 2 س ) ( 3 ل ) ( 4 ا ) ( 5 م ) ( 1 ا )

ا س ل ا م = اسلام

۲ — ( 4 ر ) ( 3 و ) ( 2 ر ) ( 1 ض ) ( 5 ی )

___ ___ ___ ___ ___ = __________

۳ — ( 4 ن ) ( 2 ب ) ( 1 ز ) ( 3 ا )

___ ___ ___ ___ = __________

۴ — ( 3 ز ) ( 4 ا ) ( 6 ہ ) ( 5 ن ) ( 1 ر ) ( 2 و )

___ ___ ___ ___ ___ ___ = __________

| سبق:۱ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

## سبق: ۲ کلمۂ شہادت

📖 ''اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ''(۲)

📖 ترجمہ: ''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔''

📖 اس کلمے کو ''کلمۂ شہادت'' کہتے ہیں۔

📖 کلمۂ شہادت میں ہم دو باتوں کی گواہی دیتے ہیں۔

① توحید۔ ② رسالت۔

📖 توحید کا مطلب ہے اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا۔

📖 رسالت کا مطلب ہے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول ماننا۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جو شخص اخلاص کے ساتھ اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود

نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، وہ جنت میں داخل ہوگا۔''(۳)

**سوال ۱:** کلمۂ شہادت میں ہم کن دو باتوں کی گواہی دیتے ہیں؟

۱ ____________ ۲ ____________

**سوال ۲:** حصہ "الف" کو حصہ "ب" کے ساتھ ملا کر جملہ مکمل کریں۔

| الف | ب |
|---|---|
| کلمۂ شہادت | اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا۔ |
| توحید | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا بندہ اور رسول ماننا۔ |
| رسالت | میں دو باتوں کی گواہی۔ |

**سوال ۳:** کلمۂ شہادت کو پنسل سے مکمل کیجیے۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

| سبق: ۲ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

## سبق: ۳ اللہ تعالیٰ

- اللہ تعالیٰ ایک ہے۔
- اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں ہے۔
- اللہ تعالیٰ سب سے بڑے ہیں۔
- اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ طاقت والے ہیں۔
- ہمیں، ہمارے ماں باپ، بہن بھائیوں اور ساری دنیا کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے۔
- زمین، آسمان، سورج، چاند، ستارے سب اللہ تعالیٰ نے پیدا کیے ہیں۔
- اللہ تعالیٰ ہم سے بہت محبت کرتے ہیں، دنیا کی ساری چیزیں اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے پیدا کی ہیں۔
- جب ہم اللہ تعالیٰ کی باتوں کو مان کر زندگی گزاریں گے تو اللہ تعالیٰ ہم سے خوش ہو جائیں گے۔

☆ ہمیں بھی اللہ تعالیٰ سے محبت کرنی چاہیے اور اللہ تعالیٰ کا ہر حکم ماننا چاہیے۔

## مشق

**سوال ۱:** نیچے دیے ہوئے الفاظ سے خالی جگہیں پُر کیجیے:

| اللہ تعالیٰ | محبت | پیدا | حکم | شریک |
|---|---|---|---|---|

۱. اللہ تعالیٰ سب سے بڑے ہیں۔

۲. اللہ تعالیٰ کا کوئی ______ نہیں ہے۔

۳. زمین، آسمان، سورج، چاند، ستارے سب اللہ تعالیٰ نے ______ کیے ہیں۔

۴. اللہ تعالیٰ ہم سے بہت ______ کرتے ہیں۔

۵. ہمیں بھی اللہ تعالیٰ سے محبت کرنی چاہیے اور اللہ تعالیٰ کا ہر ______ ماننا چاہیے۔

**سوال ۲:** نیچے دی ہوئی چیزوں میں ان کے مناسب رنگ بھریں۔

| سبق: ۳ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

## سبق: ۴ اسمائے حسنیٰ

📖 اسمائے حسنیٰ: اللہ تعالیٰ کے ناموں کو "اسمائے حسنیٰ" کہتے ہیں۔

📖 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
"اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں،
جس نے ان کو یاد کیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔"(۴)

☆ اس لیے ہم سب کو یہ نام زبانی یاد کرنے چاہئیں۔

📖 هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج
وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں،

اَلرَّحْمٰنُ
سب پر مہربان

اَلرَّحِيْمُ
بہت مہربان

اَلْمَلِكُ
حقیقی بادشاہ

اَلسَّلَامُ
سلامت رکھنے والا

اَلْمُؤْمِنُ
امن دینے والا

اَلْمُهَيْمِنُ
نگہبانی کرنے والا

اَلْعَزِيْزُ
سب پر غالب

**سوال ۱:** اسمائے حُسنیٰ کو ان کے معنی کے ساتھ ملائیں۔

| اسمائے حُسنیٰ | معانی |
|---|---|
| اَلرَّحْمٰنُ | حقیقی بادشاہ |
| اَلْمَلِكُ | نگہبانی کرنے والا |
| اَلْمُؤْمِنُ | سب پر مہربان |
| اَلْمُهَيْمِنُ | امن دینے والا |

**سوال ۲:** اسمائے حُسنیٰ میں رنگ بھریں۔

**یاد رکھنے کی بات**

اللہ تعالیٰ کا نام "اَلرَّحْمٰنُ" قرآن کریم میں 57 مرتبہ آیا ہے

| سبق: ۴ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

اللہ تعالیٰ ایک ہے

# سبق: ۵ اسمائے حُسنیٰ

- اَلْجَبَّارُ — خرابی درست کرنے والا
- اَلْمُتَکَبِّرُ — بہت بڑائی والا
- اَلْخَالِقُ — پیدا کرنے والا
- اَلْبَارِئُ — ٹھیک ٹھیک بنانے والا

- اَلْمُصَوِّرُ — صورت بنانے والا
- اَلْغَفَّارُ — گناہوں کو ہر وقت بہت زیادہ بخشنے والا
- اَلْقَهَّارُ — بہت غلبے والا

**کیا آپ کو معلوم ہے**

اللہ تعالیٰ معافی مانگنے والوں کو پسند کرتا ہے

## ہدایات برائے استاذ!

استاذ محترم: ۱ بیت العلم ٹرسٹ کی شائع کردہ کتاب ''شرح اسمائے حسنیٰ'' کا مطالعہ کرکے بچوں کو اللہ تعالیٰ کے ناموں کی بہترین تشریح بتائیں اور واقعات سنائیں ۲ اسمائے حسنیٰ کے ذریعے بچوں کا دینی ذہن بنائیں اور کوشش کریں کہ بچوں کے دل اللہ تعالیٰ کی محبت سے بھر جائیں ۳ اللہ تعالیٰ کی ذات عالی سے ہونے اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر نہ ہونے کو بیان کریں ۴ اسمائے حسنیٰ زبانی یاد کرائیں۔

## مشق

**سوال ۱:** اسمائے حُسنیٰ کا ترجمہ لکھیں۔

| | |
|---|---|
| ۱ اَلْخَالِقُ | پیدا کرنے والا |
| ۲ اَلْمُصَوِّرُ | |
| ۳ اَلْبَارِئُ | |

**یاد رکھنے کی بات**

اللہ تعالیٰ کا نام "اَلْغَفَّارُ" قرآن کریم میں 5 مرتبہ آیا ہے

**سوال ۲:** اسمائے حسنیٰ میں رنگ بھریں۔

اَلْمُتَكَبِّرُ اَلْغَفَّارُ اَلْخَالِقُ

اَلْمُتَكَبِّرُ اَلْغَفَّارُ اَلْخَالِقُ

| سبق: ۵ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

# سبق ۶: فرشتے

**کیا آپ کو معلوم ہے**

فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے نور سے پیدا کیا ہے

- فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے۔
- فرشتوں کی صحیح تعداد صرف اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے۔
- فرشتے ہر وقت اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول رہتے ہیں۔
  - ☆ کچھ فرشتے ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے انسانوں کی خدمت کرتے ہیں۔
  - ☆ کچھ فرشتے جان دار مخلوقات کو روزی پہنچانے کا کام کرتے ہیں۔
  - ☆ بہت سے فرشتے انسانوں کی حفاظت میں لگے رہتے ہیں۔
- تمام فرشتے اللہ تعالیٰ کے احکام مانتے ہیں، کبھی بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کرتے۔
- چار بڑے فرشتوں کے نام یہ ہیں:

۱ حضرت جبرائیل علیہ السلام

۲ حضرت میکائیل علیہ السلام

۳ حضرت اسرافیل علیہ السلام

۴ حضرت عزرائیل علیہ السلام

**سوال ۱:** نیچے دیے گئے خانوں میں جو جملے صحیح ہوں، ان خانوں میں سبز رنگ اور جو جملے غلط ہوں ان میں سرخ رنگ بھریں۔

| | |
|---|---|
| ۱ | فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے۔ |
| ۲ | کچھ فرشتے بے جان مخلوق کو روزی پہنچاتے ہیں۔ |
| ۳ | فرشتوں کی صحیح تعداد صرف اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے۔ |

**سوال ۲:** آپ اس جملے کو دو مرتبہ لکھیں۔

تمام فرشتے اللہ تعالیٰ کے احکام مانتے ہیں

..............................................................................

**سوال ۳:** چار بڑے فرشتوں کے نام خوش خط لکھیں۔

۱ .................................... ۲ ....................................

۳ .................................... ۴ ....................................

| سبق: ۶ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

# سبق: ۷ آسمانی کتابیں

- اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اچھی باتیں بتلانے اور برائی سے بچانے کے لیے اپنے رسولوں پر آسمانی کتابیں نازل فرمائی۔
- اللہ تعالیٰ کی نازل کی ہوئی کتابوں میں چار کتابیں بہت مشہور ہیں۔

۱ تورات ۲ زبور ۳ انجیل ۴ قرآن کریم

- ۱ تورات حضرت موسیٰ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ پر نازل ہوئی۔
- ۲ زبور حضرت داود عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ پر نازل ہوئی۔
- ۳ انجیل حضرت عیسیٰ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ پر نازل ہوئی۔
- ۴ قرآن کریم ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا، جو اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

**یاد رکھنے کی بات**
قرآن کریم کا ایک حرف پڑھنے پر دس نیکیاں ملتی ہیں

- سب مسلمان ان ساری کتابوں کو سچا مانتے ہیں۔
- قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا کلام اور اس کی آخری کتاب ہے۔
- قرآن کریم نازل ہونے کے بعد پچھلی تمام آسمانی کتابیں منسوخ ہوگئی ہیں۔

**عملی مشق** ہمیں قرآن کریم صحیح پڑھنا اور سیکھنا چاہیے اور روزانہ اس کی تلاوت کرنی چاہیے۔

## مشق

**سوال ۱:** خالی جگہیں پُر کریں۔

(الف) تورات حضرت ___موسیٰ___ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ پر نازل ہوئی۔

(ب) زبور حضرت ______ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ پر نازل ہوئی۔

(ج) انجیل حضرت ______ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ پر نازل ہوئی۔

(د) قرآن کریم حضرت ______ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔

**سوال ۲:** چاروں آسمانی کتابوں کے نام لکھیے۔

آسمانی کتابیں

۱ ..................

۲ ..................

۳ ..................

۴ ..................

**سوال ۳:** حصہ "الف" کو حصہ "ب" کے ساتھ ملا کر جملہ مکمل کریں۔

| الف | ب |
|---|---|
| حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم | روزانہ تلاوت کرنی چاہیے |
| قرآن کریم | بہت مشہور ہیں |
| ہمیں قرآن کریم کی | اللہ تعالیٰ کا کلام ہے |
| چار کتابیں | آخری نبی اور رسول ہیں |

**سوال ۴:** مندرجہ ذیل میں حروف کے نمبر دیے گئے ہیں ان نمبرات کی مدد سے آپ نیچے دیے گئے خانوں میں حروف لکھ کر انہیں جوڑیں اور الفاظ بنائیں:

| ا | آ | ب | ت | ر | ز | ج | س | ق | ل | م | ن | و | ی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ |

①

| ۴ | ۱۳ | ۵ | ۱ | ۴ | لفظ |
|---|---|---|---|---|---|
| ت | و | ر | ا | ت | تورات |

②

| ۶ | ۳ | ۱۳ | ۵ | لفظ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

③

| ۱ | ۱۲ | ۷ | ۱۴ | ۱۰ | لفظ |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

④

| ۹ | ۵ | ۲ | ۱۲ | لفظ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

⑤

| ۱۱ | ۸ | ۱۰ | ۱۱ | ۱ | ۱۲ | لفظ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

| سبق: ۷ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

## سبق:۸ انبیا عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

- اللہ تعالیٰ نے ہر زمانے میں انسانوں کو زندگی گزارنے کا صحیح طریقہ بتانے کے لیے خاص بندوں کو نبی بنا کر بھیجا ان کو "انبیا" عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کہتے ہیں۔
- انبیا عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کی تعداد تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار (۱،۲۴،۰۰۰) ہے۔(۵)

**کیا آپ کو معلوم ہے**
ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام نبیوں کے سردار ہیں

☆ سارے نبی لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتے تھے اور انہیں اچھی باتیں بتاتے تھے اور بُری باتوں سے روکتے تھے۔

- سب سے پہلے نبی حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ ہیں۔
- سب سے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔
- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نئے نبی نہیں آئیں گے۔
- کچھ مشہور انبیا عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کے نام یہ ہیں۔

##  مشق

**سوال ۱:** خالی جگہیں پُر کیجیے۔

۱ انبیا عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ، کی تعداد تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار ہے۔

۲ سارے نبی لوگوں کو ____________ کی طرف بلاتے تھے۔

۳ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی ____________ نہیں آئیں گے۔

**سوال ۲:** حصہ "الف" کو حصہ "ب" کے ساتھ ملا کر جملہ مکمل کریں۔

| الف | ب |
|---|---|
| حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ | اللہ تعالیٰ کے خاص بندے ہیں |
| حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ | سب سے آخری نبی ہیں |
| انبیا عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ | سب سے پہلے نبی ہیں |

**سوال ۳:** پنسل سے مکمل کیجیے۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

| سبق: ۸ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

## باب دوم: عبادات

📖 عبادات: جو اعمال اللہ تعالیٰ نے ہم پر فرض کیے ہیں (نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ وغیرہ) اور وہ اعمال جن سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں (قرآن کریم پڑھنا، اس کو حفظ کرنا، دین کا علم حاصل کرنا وغیرہ) انھیں ''عبادات'' کہتے ہیں۔

## سبق: ۱ وضو کرنے کا طریقہ

عمل کرنے کی بات: وضو کرتے ہوئے پانی ضائع نہ کریں

- ☆ وضو کرنے کے لیے صاف ستھری اونچی جگہ پر بیٹھیں۔
- ☆ نیت کریں اور ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ'' پڑھیں۔
- ☆ دونوں ہاتھ گٹوں تک تین مرتبہ دھوئیں۔
- ☆ مسواک کریں۔
- ☆ سیدھے ہاتھ میں پانی لے کر تین مرتبہ کلی کریں۔
- ☆ سیدھے ہاتھ میں پانی لے کر تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالیں اور الٹے ہاتھ سے ناک صاف کریں۔
- ☆ دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر چہرے کو تین مرتبہ اس طرح دھوئیں کہ چہرہ کہیں سے بھی خشک نہ رہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

☆ وضو کرنے کا بقیہ طریقہ آپ اگلے سبق میں پڑھیں گے۔

**سوال ۱:** مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہیں پُر کریں۔

| ناک | دھوئیں | گٹوں | اونچی |
|---|---|---|---|

۱. وضو کرنے کے لیے صاف ستھری اور ___اونچی___ جگہ پر بیٹھیں۔

۲. دونوں ہاتھ ________ تک تین مرتبہ دھوئیں۔

۳. سیدھے ہاتھ میں پانی لے کر تین مرتبہ ________ میں پانی ڈالیں۔

۴. دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر چہرے کو تین مرتبہ ________۔

| سبق: ۱ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

## سبق:۲ وضو کا بقیہ حصہ

☆ پہلے سیدھے ہاتھ کو اور پھر الٹے ہاتھ کو کہنیوں سمیت تین تین مرتبہ دھوئیں اور ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر خلال کریں۔

☆ دونوں ہاتھوں کو گیلا کر کے سر کے دونوں طرف پیشانی کے بالوں کی جگہ پر رکھیں اور ہتھیلیوں کو انگلیوں سمیت گدّی تک لے جائیں اور پھر واپس لوٹائیں۔

☆ دونوں انگوٹھوں کے ساتھ والی انگلیوں کو دونوں کانوں میں گھمائیں اور انگوٹھے کانوں کے پچھلے حصہ پر پھیرلیں۔

☆ پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی پشت گردن پر پھیرلیں۔

☆ پہلے سیدھے اور پھر الٹے پیر کو تین مرتبہ ٹخنوں سمیت اچھی طرح دھوئیں اور الٹے ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے پیر کی انگلیوں کے درمیان خلال بھی کریں۔

☆ خلال سیدھے پیر کی چھوٹی انگلی سے شروع کریں اور الٹے پیر کی چھوٹی انگلی پر ختم کریں۔

عبادات

**سوال ۱:** الفاظ اور تصاویر کو لکیر کے ذریعے ملائیں۔

| الفاظ | تصاویر |
| --- | --- |
| کان | |
| کہنی | |
| ناک | |
| مسواک | |

**عملی مشق** | استاذ محترم! طلبا کو عملی طور پر وضو کر کے دکھائیں اور طلبا سے وضو کرائیں۔

**سوال ۲:** ذیل میں دیے گئے جملوں کو صحیح ترتیب کے مطابق لکھیں۔

☆ پہلے اچھی طرح سیدھے پیر کو پھر الٹے پیر کو ٹخنوں سمیت دھوئیں۔

☆ دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر چہرے کو تین مرتبہ دھوئیں۔

☆ دونوں ہاتھوں کو گیلا کر کے سر پر پھیر لیں۔

☆ پہلے سیدھے ہاتھ کو اور پھر الٹے ہاتھ کو کہنیوں سمیت تین تین مرتبہ دھوئیں۔

۱ دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر چہرے کو تین مرتبہ دھوئیں۔ ..........

۲ ..........

۳ ..........

۴ ..........

**سوال ۳:** صحیح جملوں پر ✓ اور غلط جملوں پر ✗ نشان لگائیں۔

(الف) پہلے سیدھے پھر الٹے ہاتھ کو کہنیوں سمیت دھوئیں۔ ....✓....

(ب) دونوں ہاتھوں کو گیلا کر کے سر کے بالوں کا خلال کریں۔ ..........

(ج) پہلے سیدھے اور پھر الٹے پیر کو تین مرتبہ ٹخنوں سمیت دھوئیں۔ ..........

| سبق: ۲ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

سبق: ۳

## مکمل نماز

### تکبیرِ تحریمہ

"اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔"(۱)

### ثَنَا

"سُبْحٰنَكَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِكَ
وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰی جَدُّكَ
وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُكَ"(۲)

### تَعَوُّذْ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

### تَسْمِیَة

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

**سوال ۱:** پنسل سے مکمل کیجیے۔

**(الف)**

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

**(ب)**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اب تک سیکھی گئی نماز کو زبانی یاد کریں اور استاذ صاحب کو سنائیں

| سبق: ۳ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

عبادات

## سبق: ۴ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝۱ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝۲ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝۳ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝۴ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝۵ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ۬ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝۷

**یاد رکھنے کی بات**

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے

|  |  |  |  |  |  |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق: ۴ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ |  | دستخط سرپرست |  |

## سبق:۵ سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

### رکوع کی تسبیح

"سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ" (۳)

سوال ۱: سورۂ اخلاص زبانی یاد کریں۔

سوال ۲: پنسل سے مکمل کیجیے۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ
سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ

**عملی مشق** | استاذ محترم عملی طور پر نماز پڑھائیں۔

| سبق:۵ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

## سبق:٦ رکوع سے اٹھنے کی تسمیع

''سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ''(۴)

## قومہ کی تحمید

''رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ''(۵)

## سجدے کی تسبیح

''سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی''(٦)

### مشق

سوال ۱: ہم سجدہ میں کیا پڑھتے ہیں؟ جواب: ____________

سوال ۲: پنسل سے مکمل کیجیے۔

سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ

سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ

| سبق:٦ | یہ سبق دس دن میں پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

## سبق:۷   تَشَهُّد

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ ۚ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۚ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ ۚ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۚ (۷)

**سوال ۱:** تشہد زبانی سنائیں۔

**سوال ۲:** پنسل سے مکمل کیجیے۔

